
# ۱۔ تصویر

## ۱۔۱ ہاتھ پھرانا (ڈوڈل)





ہاتھ پھیرائیں ، ہاتھ پھرائیں
ہاتھ پھراکر تصویر بنائیں
ہم پر کوئی غصّہ نہ ہونا
ہم سیکھیں تصویر بنانا
کھیلیں، کریں اور سیکھیں گے سب
آپ بھی دیں گے شاباشی تب
ہاتھ پھیرائیں ، ہاتھ پھرائیں
ہاتھ پھراکر تصویر بنائیں

## میری سرگرمی

♦ اپنی پسند کے مطابق لکیریں بناتے ہوئے ہاتھ پھرانے (ڈوڈل بنانے) کے لیے کہیں۔ ان لکیروں پر دائرہ، مثلث یا چوکون بنانے کو کہیں۔ ان کے کچھ حصوں میں بتائے ہوئے طریقے کے مطابق رنگ بھرنے کو کہیں۔

- ڈوڈل کے ذریعے شکلیں بنانا۔





- رنگین پنسل، رنگین کھریا، رنگین پین، اسکیچ پین











- اپنی پسند کے مطابق ڈوڈل بنانے کے لیے کہیں۔ پھر مناسب مقامات پر اپنی مرضی سے نقطے لگا کر درج بالا کی طرح نئی شکلیں بنوائیں۔
- رنگین پنسل، رنگین کھریا، رنگین پین، اسکیچ پین یا دیگر وسائل استعمال کر کے درج بالا کی طرح ہاتھ پھیرنے لگائیں۔ (ڈوڈل کروائیں)

## ۱ء۲ نقطوں سے لطف اندوزی

عددوں کے مطابق نقطے جوڑو۔







## میری سرگرمی

- صحیح ترتیب میں نقطے جوڑنے کے لیے کہیں۔ مختلف شکلیں تیار ہوں گی۔ شکل پہچان کر اس کا نام بتانے کے لیے کہیں۔
- ضرورت کے مطابق نقطے بنا کر انھیں اپنی مرضی سے جوڑنے کے لیے کہیں۔ نئی شکل تیار ہونے پر اس کے کچھ حصوں میں رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔

## ۳ء۱ لکیروں کا جادو




آڑی لکیر | کھڑی لکیر | ترچھی لکیر | شکستہ لکیر | لہریے دار لکیر



قاطع لکیر | نصف دائروی لکیر | دائروی لکیر | سانپ جیسی لکیر

### لکیروں کے ذریعے مختلف شکلیں



## میری سرگرمی

♦ کچھ لکیروں کی شکلیں دی ہوئی ہیں۔ اس اعتبار سے لکیروں کی مشق کروائیں۔ دی ہوئی لکیروں سے چند شکلیں بنائی جاسکتی ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ سے مختلف شکلیں بھی تیار کروائیں۔


## ۱ء۴ ٹھپّے بنانا اور چسپاں کرنا

- پتوں کے ٹھپّے بنانا :





- کھردری سطح سے نقش بنانا :




- چسپاں کرنا (کولاج) :



- مختلف پتوں کے پچھلے حصے پر رنگ لگا کر کاغذ پر اُس کے نقش بنوالیں۔
- سفید مہین کاغذ کے نیچے کھردری سطح والی چیزیں رکھیں۔ (مثلاً ترٹ، درخت کے تنے کے چھلکے کا ٹکڑا وغیرہ) اس شکل پر پنسل یا موم پنسل کو گِھس کر نقش بنانے کے لیے کہیں۔
- پھل یا سبزیوں کی آسان شکلیں بنا کر، رنگین کاغذ کو ہاتھ سے پھاڑ کر شکلوں پر چسپاں کر کے کولاج بنانے کو کہیں۔

## ۱۔۵ آسان شکلیں


- گول، مثلث، چوکون پر مشتمل اشیا کی شکلیں



- معلوم چیزوں کی آسان شکلیں



- قدرتی چیزوں کی آسان شکلیں۔ پتّے، پھول وغیرہ



- گول، مثلث، چوکون پر مشتمل چند اشیا کی شکلیں اوپر دیے ہوئے طریقے کے مطابق بنانے کو کہیں۔ دی ہوئی شکلوں سے مختلف شکلیں بنانے کو کہیں۔
- معلوم چیزوں کی شکلوں کی مشق کروائیں۔ اوپر دیے ہوئے طریقے کے مطابق شکل بنانے کو کہیں۔
- چند قدرتی چیزوں کا معائنہ کر کے ان کی شکلیں بنانے کے لیے کہیں۔


## میری بنائی ہوئی آسان شکلیں

♦ شکلیں بنانے کی مشق کروائیں اور آسان شکلیں بنانے کے لیے کہیں۔


## ۶ء۱ رنگ بھرنا

- چند رنگوں کا تعارف

سرخ　پیلا　نیلا　ہرا　نارنگی　جامنی　سفید　کالا




- رنگ اور پھل پھول کی جوڑیاں



### میری سرگرمی


رنگ بھرنا



- رنگ کا نام پوچھیں۔
- قدرتی اشیا مختلف رنگوں میں پائی جاتی ہیں۔ ان میں سے چند رنگوں کا تعارف کروانے کے لیے رنگ اور اشیا کے رنگ کا صرف معائنہ کرنا متوقع ہے۔
- دی ہوئی شکلوں میں اپنی پسند کے مطابق رنگ بھرنے کو کہیں۔

♦ خوش خط لکھنے کے لیے بچپن ہی سے مشق ہونا ضروری ہے۔ درج بالا کے مطابق چند لکیروں کی مشق کروائیں۔

## ۸ء۱ میری تصویریں



♦ اوپر دی ہوئی جگہ میں طلبہ کو اپنی پسند کے مطابق تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔